Mr. Ahmed Mian Soomro: Sir, the mover is quite right that this is a matter, of, I think, one of the most urgent and important matters where hundreds of people are rotting in jails. The Human Rights Committee have repreatedly drawn the attention and I would as a member of the main committee and the sub-committee admit that right till January, 87 when the Prime Minister made a speech to which my learned brother has referred we can say there was almost nothing done by the committee in that period of over a year and a half. But after that when the new Minister for Justice took over and after the speech of the Prime Minister—because in between there was also a question as to who is the Chairman of the committee whether it was Mr. Iqbal Ahmed Khan by name or as Minister for Justice. That having been decided and the new Minister for Justice, Mr. Wasim Sajjad having become the Chairman of that committee by virtue of his office did start activity to try and deal with this problem and had several consultations with his colleagues on the committee and the committee at his last meeting which was about, I think, a month ago appointed a sub-committee with the idea that it should expedite the work and they meet more often and immediately thereafter he called a meeting of that sub-committee and has rightly been having consultations. No doubt it is a complex problem as we will have to decide on principles rather than on the basis of each case because taking up each individual case probably would not serve the purpose because justice delayed is justice denied.

So we are trying to find out a way and even yesterday we had a consultation to find out some early way of dealing with it, how we could do justice to those people who are rotting in Jails and I can assure my learned brother that we all have equal feelings and I give him credit for again and again raising this point of these human beings and I can assure that we are doing our best now to try and deal with this problem realizing the difficulties of those poor people who have been suffering and I hope after this he will not press his motion.

Mr. Javed Jabbar: Mr. Chairman, to hear a person other than the Minister for Justice giving this assurance because the Minister for Justice may have his own compulsions, I will, Sir, wait till the next session of the Senate. I will take this assurance in good faith and I will, therefore, not press this privilege motion.

Mr. Deputy Chairman: Not pressed. Thank you.

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی پروفیسر صاحب۔

MOTION UNDER RULE 229 TO SUSPEND THE REQUIREMENT OF RULE 72 (2)

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! میں نے ایک تحریک ابھی پیش کی ہے کہ قاعدہ ۲۲۹ کے تحت تحریک التوا کے بارے میں جو وقت اور نوٹس کی پابندی دفعہ نمبر ۷۲ (۲) میں درج ہے اسے آپ معطل فرمائیں تاکہ ایک ایسے مسئلے کے بارے میں جو آج ہی واقعہ ہوا ہے یا جسکی رپورٹ آج شائع ہوئی ہے یعنی پاکستان کے ایک طیارے کا پاک افغان سرحد پر گرایا جانا، یہ ایک ایسا واقعہ ہے کہ پھر ہمیں اس پر بات کرنے کا موقع نہیں ملے گا۔ اس لئے میں یہ تجویز پیش کر رہا ہوں کہ وقت کی پابندی کو معطل کیا جائے۔ تاکہ میں وہ تحریک التوا پیش کر سکوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: پروفیسر صاحب، وہ منسٹر صاحب جنہوں نے جواب دینا ہے، پتہ نہیں اس پوزیشن میں ہوں گے یا نہیں؟

پروفیسر خورشید احمد: ہمارے پاس آج خوش قسمتی سے وزیر خارجہ اور نائب وزیر خارجہ دونوں ہی موجود ہیں۔ ایسا کبھی کبھی ہوتا ہے۔ ہماری قسمت آج بہت روشن معلوم ہو رہی ہے۔ اس لئے میرے خیال سے موقع سے فائدہ اٹھایا جائے اور تجویز پر غور کیا جائے۔

Rana Naeem Mahmood Khan: Thank you, Sir, I am sorry I did not catch on the entire statement by the honourable Member but all that I know so far is that during normal patrol by the Pakistan Air Force on the borders of Afghanistan an intrusion was made by.......

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کے لئے پہلے قاعدہ نمبر ۲۲۹ معطل کرنا پڑے گا جو پروفیسر صاحب نے دیا ہے۔ اس کے لئے موشن ہاؤس میں پیش کی جائے گی پھر ہاؤس اجازت دیتا ہے یا نہیں۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Rana Naeem Mahmood Khan: Thank you, Sir.

پروفیسر خورشید احمد: مجھے توقع یہ تھی کہ میری اس تحریک پر وزیر عدل کچھ فرمائیں گے اس لئے کہ قاعدہ نمبر ۲۲۹ کے تحت یہ موشن میں نے سب سے پہلے دی ہے کہ قاعدہ ۷۲ (۲) میں جو پابندی ہے اسے معطل کیا جائے تاکہ میں وہ تحریک التوا باقاعدہ پیش کر سکوں۔ لیکن یہ بتانا ضروری تھا کہ یہ ایک ایسا واقعہ ہے جو آج ہی رپورٹ ہوا ہے جسکے بارے میں اس ایوان کو غور کرنے کا بعد

[Prof. Khurshid Ahmad]

میں موقع نہیں ملیگا چونکہ ایوان کا آج یہ آخری اجلاس ہے اس لئے میں یہ تحریک پیش کر رہا ہوں کہ قاعدہ نمبر ۲۲۹ کے تحت قاعدہ نمبر ۲۷ (۲) کو معطل کرنے کی یہ ایوان اجازت دے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: پروفیسر صاحب کی طرف سے تحریک پیش کی گئی ہے اور اس میں ہاؤس کی اجازت کی ضرورت ہے اگر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

پروفیسر خورشید احمد: اگر اس کو oppose نہیں کیا جا رہا تو ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Rana Naeem Mahmood Khan: I would not like to oppose it on the ground that it is just to be opposed, Sir. I would like to state here that we don't have enough information at the moment because the incident having taken place only yesterday and a debate at this stage would not be productive or in fact would be counter productive. So, I request that proper time should be given so that a discussion can properly be held on this subject, as such I oppose the suspension of Rule 229.

پروفیسر خورشید احمد: یہ تو اور بھی زیادہ سنگین مسئلہ ہے جناب والا ۔ کل دوپہر کو یہ واقعہ ہوا ہے ۔ رات کو بی بی سی کی خبروں میں اس واقعہ کو بیان کیا گیا ہے کل کا فارن آفس کا سٹیٹمنٹ ہے جس کا بی بی سی نے حوالہ دیا ہے ۔ اگر یہ اطلاع ابھی تک ہماری وزارت دفاع تک نہیں پہنچی ہے تو یہ اس سے زیادہ اہم مسئلہ ہے ۔ میرے خیال میں ہمیں طیارے کے گرنے سے پہلے وزارت دفاع کی حالت پر بحث کرنی چاہیئے ۔

Rana Naeem Mahmood Khan: I would like to set the record right, Sir. The statement issued to the press was by the Ministry of Defence in consultation with the Ministry of Foreign Affairs. It is not correct that the Ministry of Defence is not aware of what has happened. All I am saying is that we do not have enough details of the entire incident at this moment. It is not that the Ministry of Defence does not have it. What I am saying is that we do not have it at the moment at this point of time here. As such I request that this matter may be taken up at a later time.

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر: جناب چیئرمین میں اس بات کی تائید کرتا ہوں کہ وزیر مملکت برائے دفاع نے ابھی فرمایا ہے کہ میں نے خود خبروں میں سنا ہے ۔ پاکستانی خبروں میں ۔ طیارہ گرنے کی خبر سب سے پہلے دی گئی تھی ۔ اس کے بعد بی بی سی نے خبر دی تھی

یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ ہماری حکومت یا وزارتِ خارجہ یا وزارت دفاع کو اس بات کا علم نہیں تھا۔ کیونکہ ٹی وی یہ خبر دے ہی نہیں سکتا۔ جب تک وزارت اس کو کلیئر نہ کر دیتی۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب والا! شاید میرے محترم بھائی سعید قادر صاحب نے میری بات غور سے سنی نہیں ہے۔ میں نے ہرگز یہ نہیں کہا کہ وزارت دفاع کو اس کی اطلاع نہیں ہے۔ میں نے صرف یہ بات کہی ہے کہ جو بات وزیر مملکت صاحب نے ایوان میں کہی کہ ان کے پاس اس واقعہ کے بارے میں اس وقت تک ایسی معلومات نہیں ہیں جس کی بنیاد پر وہ اس کی تفاصیل ایوان کے سامنے رکھ سکیں اس پر میں نے یہ بات کہی ہے کہ یہ واقعہ کل دوپہر ہوا ہے۔ منسٹر آف ڈیفنس نے بلاشبہ اس کی کچھ نہ کچھ بریفنگ کی ہوگی۔ لیکن بی بی سی نے جس ریفرنس سے خبر دی تھی وہ وزارت خارجہ کا بیان تھا۔ میرے لئے برابر ہے کہ وزارتِ دفاع نے دیا ہو یا وزارتِ خارجہ نے۔ یہ بحث نہیں ہے کہ حکومت کو اس کی اطلاع نہیں ہے۔ بحث یہ ہے کہ آج اس واقعہ کے بیس گھنٹے کے بعد آپ کے پاس اگر اتنی معلومات نہیں ہیں کہ آپ ایوان کو اعتماد میں لے کر اس پر بحث کر سکیں تو یہ فی الحقیقت ایک serious بات ہے۔ میں ان کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ دوسری جنگ عظیم کے دوران ایک ایک گھنٹہ کی خبر پارلیمنٹ کے سامنے خود وزیراعظم چرچل پیش کیا کرتا تھا اور ایسا نہیں ہے کہ وہ اس معاملہ میں ایوان کو اعتماد میں نہ لیتے۔ یہی جمہوری روایات ہیں اور اسی بنا پر میں چاہ رہا ہوں کہ اس پر ہم بحث کریں۔ اور دوسرا بنیادی نکتہ میں نے یہ اٹھایا ہے کہ سینیٹ کے اس سیشن کا یہ آخری اجلاس ہے۔ اس کے بعد سینیٹ کو یہ موقع نہیں ملے گا کہ وہ اس مسئلے پر بات کر سکے۔ اس لئے ہمیں آج موقع ملنا چاہیئے۔ تاکہ اس پر ہم گفتگو کر سکیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی جناب وسیم سجاد صاحب ۔۔۔

جناب جاوید جبار: پوائنٹ آف آرڈر۔

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر ۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: پہلے جناب جاوید جبار صاحب کا پوائنٹ آف آرڈر ہے۔

Mr. Javed Jabbar: I Just want to add that the pilot of the aircraft has been recovered as is evident from the newspaper report. Therefore, I find it very difficult to see why the Ministry of Defence is unaware of the details when the pilot himself is alive and well and is able, therefore, to give the necessary information.

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے۔ جی قاضی صاحب۔

قاضی عبداللطیف: جناب والا! میں یہ گزارش کروں گا کہ اس وقت ہماری سرحدات کی جو کیفیت ہے۔ ہم یہ

[Qazi Abdul Latif]

سمجھتے ہیں اور ہر شہری یہ سمجھتا ہے کہ بلا اعلان جنگ ، ہمیں جنگ کی کیفیت اس وقت درپیش ہے ۔ اور اس وقت بھی اگر ہم ایک ایک منٹ کی کاروائی اپنے پاس ریکارڈ نہیں کر سکتے تو میرے خیال میں اس کا مطلب یہ ہے کہ حکومت اسے اتنا زیادہ خطرناک ہی نہیں سمجھتی جو ہمارے لئے انتہائی افسوسناک بات ہو گی ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔ جی جناب وسیم صاحب ۔ ۔ ۔

جناب وسیم سجاد: جناب والا ! محرک یہ چاہتے ہیں ۔ کہ آج کا آدھ گھنٹہ بڑھا دیا جائے تاکہ ایک ایسے مسئلے پر بحث ہو سکے جو ان کی دانست میں فوری توجہ کا حامل ہے ۔ جناب والا ! اس وقت جناب کے سامنے آٹھ تحاریکِ التوا ایجنڈے پر موجود ہیں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ۹ ، تحاریک ہیں ۔

جناب وسیم سجاد: ۹ تحاریک التوا ہیں ۔ ایک تحریک التوا کے سلسلے میں تمام رولنز کی کاروائی کا یہ مقصد ہوتا ہے ۔ کہ منسٹر کو باقاعدہ نوٹس دیا جائے اور پھر منسٹر باقاعدہ معلومات حاصل کرتا ہے ۔ مقصد اس ساری کاروائی کا یہ ہوتا ہے کہ ایوان کو بامقصد معلومات فراہم کی جائیں ۔ جس کا معلوم کرنا مفادِ عامہ میں ان کے لئے ضروری ہے ۔ اگر اس طرح instant coffee کی طرح ایڈجرنمنٹ موشن آنی شروع ہو گئیں تو جناب بامقصد کوئی کاروائی نہیں ہو سکے گی ۔ اخبارات میں جو خبر آئی ہے ۔ وہ تو ٹھیک ہے ۔ اگر اخبارات کی حد تک وہ معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اخبارات پڑھ سکتے ہیں ۔ لیکن یقیناً ان کی خواہش یہ ہو گی کہ اس سے زیادہ معلومات ان کو ملیں تاکہ ان کو پتہ چلے کہ یہ کیسے ہوا ۔ حکومت اس پر کیا کاروائی کر رہی ہے ۔ یہ کن حالات میں ہوا ۔ ان تمام معلومات پر کچھ وقت لگے گا ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ دفاع سے متعلق مسئلہ ہے ۔ یہ مسئلہ حساس بھی ہوتا ہے اور اس کا تعلق وزارتِ امورِ خارجہ سے بھی ہوتا ہے ۔ چونکہ یہ ایک حساس مسئلہ ہے ، اس لئے میں اپنے فاضل دوست پروفیسر خورشید صاحب سے جنہوں نے بڑے خلوص سے یہ بات کی ہے ۔ درخواست کروں گا کہ اس کو پریس نہ کریں ۔ کیونکہ اس طرح فائدہ کوئی نہیں ہو گا ۔ اور باقی جو ۹ ایڈجرنمنٹ موشنز ہیں ۔ وہ بھی خاصی اہمیت ۔ ۔ ۔ حامل ہیں ۔ ان پر بحث ہو جائے کیونکہ ان کا نوٹس بھی ہے اور وزراء بھی تیار ہیں اور ان کا جواب بھی دینا چاہتے ہیں اور آج جس طرح جناب نے فرمایا ہے کہ شاید کاروائی پوری نہ ہو سکے یعنی جتنا عام حالات میں وقت دیتے ہیں ۔ اتنا نہ دے سکیں کیونکہ نیشنل اسمبلی نے بھی meet کرنا ہے ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت اس پر بحث نہ کی جائے ۔ اور مناسب وقت پر جب یہ آئیں گے تو اس پر بحث ہو جائے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: پس وقت مسئلہ یہ ہے کہ مجھے اس وقت قاعدہ نمبر ۲۲۹ کے تحت تحریک التواء کے بارے میں قاعدہ ۲،(۲) کو معطل کرنے کے لئے ایوان کے سامنے پیش کرنا پڑے گا ۔ اسے لاء منسٹر صاحب بھی اپوز کر رہے ہیں ۔

پروفیسر خورشید احمد: میں اس مسئلے کو نہایت اہم سمجھتا ہوں ۔ وہ تمام ساتھی جنہوں نے تحریک التوا پیش کی ہیں ۔ وہ بھی میرے خیال میں اس کی اہمیت کو محسوس کریں گے ۔ میں بھی ان میں شامل ہوں ۔ میری بھی ایک تحریک آرہی ہے آج ، لیکن چونکہ اس کی بنیاد یہ

ہے کہ اگر فی الحقیقت اس ایوان کا اجلاس جاری رہتا تو میں پریس نہ کرتا۔ میں موقع دیتا کہ حکومت اپنی پوزیشن واضح کرے۔ لیکن یہ بات فی الحقیقت میرے لئے بہت تعجب کا باعث ہے کہ اس واقعہ کے ہو جانے کے ۲۰ یا ۲۲ گھنٹے کے بعد بھی حکومت اس پوزیشن میں نہیں ہے کہ وہ ان معلومات سے زیادہ پیش کر سکے۔ جو اخبارات میں آئی ہیں اور جو غالباً کل رات تک اخبارات کو مل گئی تھیں، دوسرے الفاظ میں اخبارات کو دی جانیوالی اطلاعات کے بعد جو ۱۲، ۱۴ گھنٹے گزرے ہیں۔ خاص کر یہ بات کہ پائلٹ recover ہو گیا ہے۔ لازماً اس سے اب تک گفتگو ہو چکی ہوگی۔ یہ تمام معلومات وزارتِ دفاع کے پاس ہونی چاہیئے تھیں۔ وزیر کو اس بارے میں well equipped ہونا چاہیئے تھا۔ اسے سمجھنا چاہیئے تھا کہ آج ایوان میں یہ مسئلہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ اس لئے کہ یہ اتنا اہم مسئلہ ہے جس پر سے صرف نظر ممکن نہیں ہے۔ اس بنا پر در اصل میں اصرار کر رہا ہوں اور اس مقصد سے کر رہا ہوں کہ حکومت فی الحقیقت اپنی ذمہ داری محسوس کرے۔ دفاع کے معاملات میں بھی اور اس سے زیادہ ایوان کو اعتماد میں لینے کے لئے بھی۔ میرے سامنے پریس میں جو کچھ چھپ چکا ہے۔ اسے آپ سے سن لیا ہی ہے۔ وزیر عدل نے یہ صحیح کہا ہے اس لئے وہ سب کچھ تو ہم پڑھ چکے ہیں۔ لیکن کیا آپ کے پاس اس سے زیادہ کوئی معلومات ہیں۔۔۔۔

رانا نعیم محمود خان: مہربانی جناب والا! میں ایوان اور پروفیسر خورشید صاحب کو یقین دلانا چاہتا ہوں۔ کہ جونہی یہ واقعہ ہوا اس کے چند منٹ بعد یہ اطلاع مجھے موصول ہو گئی تھی۔ اور جو کچھ اس کے بعد ہوتا رہا ہے۔ مجھے اس کا پورا علم ہے۔ لیکن اس وقت جو انفرمیشن میرے پاس ہے۔ وہ اس shape اور form میں ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ جب تک اس کو پوری طرح کنفرم نہ کر لوں اور ان میں اگر کوئی ایسی انفرمیشن ہے جو کنفرم نہیں ہوتی اس کو میں مسترد نہ کر لوں۔ میں اسے ایک ایسی shape میں لے آؤں جسے میں بامقصد طریقے سے ایوان میں پیش کر سکوں، میں اسے پیش نہیں کرنا چاہتا۔ اس لئے میں نے گذارش کی کہ اس وقت اگر ہم بحث کریں گے تو وہ بامقصد نہیں ہوگی اور یہ گذارش ۔۔۔ کی تھی کہ دوبارہ کسی وقت میں آپ کے سامنے ضرور رپورٹ پیش کر دوں گا۔ اور اس وقت اگر آپ چاہیں تو اس پر بحث کر لیں۔ مہربانی۔

پروفیسر خورشید احمد: وزیر مملکت کی اس یقین دہانی کے بعد کہ وہ آئندہ اس پر ایک بیان دے دیں گے۔ میں اس پر اصرار نہیں کرتا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی۔

مولانا سمیع الحق: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی مولانا سمیع الحق صاحب فرمائیے!

مولانا سمیع الحق: جناب والا! میں اسی قاعدہ ۷۲ (۲) کے تحت آپ کی توجہ مبذول کراؤں گا۔ اس کا تعلق چونکہ

[Maulana Samiul Haq]

ماہِ رمضان سے ہے اور یہ اجلاس آج ختم ہو رہا ہے۔ بہت سے لوگ ایک مذہبی عبادت سے محروم ہو رہے ہیں۔ اس لئے آپ سے مؤدبانہ گزارش ہے کہ مجھے اجازت دے دیں۔ وہ مسئلہ یہ ہے کہ وزارتِ داخلہ نے ایک فیصلہ کیا تھا کہ فیڈرل ایریا میں پاسپورٹ تعلیم یافتہ اشخاص کو دیا جائے گا۔ یہ صرف فیڈرل ایریا کے ساتھ مخصوص تھا لیکن وزارت داخلہ یا پاسپورٹ والوں کی طرف سے یہ فیصلہ پورے ملک پر لاگو کیا گیا ہے۔ اب صورت حال یہ ہے کہ ان دنوں ہزاروں افراد عمرہ کے لئے سعودی عرب جانا چاہتے ہیں۔ ان کے بوڑھے والدین جانا چاہتے ہیں لیکن پاسپورٹ آفس والے ان کو بالکل پاسپورٹ نہیں دیتے۔ وہ لوگ عمرہ سے بھی محروم ہو رہے ہیں اور اس کے جواب میں وہ کہتے ہیں کہ ہمیں وزارت داخلہ نے پورے ملک کے لئے یہ آرڈر بھیجا ہے کہ کسی ناخواندہ کو پاسپورٹ جاری نہ کیا جائے۔ اس سے ایک تو رشوت ستانی کا الگ بازار گرم ہے۔ ہر جگہ وہ ۴۰۰ - ۵۰۰ روپے سے ان پڑھ کو پڑھا لکھا بنا دیتے ہیں۔ اور اسے پاسپورٹ مل جاتا ہے۔ اس طرح ہزاروں لوگ مجھے معلوم ہے کہ پشاور، ہزارہ اور لاہور سے آرہے ہیں اور یہ دھاندلی پاسپورٹ آفسوں میں مچی ہوئی ہے۔ تو اگر وزیر داخلہ صاحب فوری طور پر اس کی وضاحت کر دیں، اور آرڈر جاری کر دیں تو بہتر ہے کیونکہ ہزاروں لوگ عمرہ سے محروم ہو رہے ہیں۔ اب ۷۰، ۸۰ سال کے بوڑھے کہاں سے تعلیم حاصل کر سکتے ہیں اور یہ کیسے تعلیم یافتہ ہو سکتے ہیں۔ ایسے افراد کو پاسپورٹ نہیں دیا جاتا ہے۔ میرے خیال میں، ہمارے نوٹس میں تو یہ بات لائی گئی تھی کہ یہ آرڈر صرف فیڈرل ایریا کے لئے ہے۔ قانون یہ تھا لیکن امیگریشن اور پاسپورٹ کے دفاتر کو جو سرکلر جاری ہوا ہے اور یہ مجھے پاسپورٹ افسران نے دکھایا ہے اس کے حوالے وغیرہ میرے پاس موجود ہیں، اس میں یہ کہا گیا ہے کہ یہ پابندی پورے ملک میں لاگو ہوگی۔ اس سے لاکھوں لوگ مشکلات میں ہیں جو بیرونِ ملک جا رہے ہیں۔ اس کی اگر فوری طور پر وضاحت ہو جائے تو ضروری ہے۔ کیونکہ عمرہ کے ایّام گزر رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مولانا صاحب، اس بارے میں میری تجویز یہ ہوگی کہ آپ وزیر داخلہ اور وزیر مذہبی امور سے مل لیں، آپس میں بیٹھ کر کوئی پالیسی بنا لیں، بجائے اس کے کہ یہاں کوئی بات کی جائے۔ اس مسئلہ کے متعلق آپ ان دونوں حضرات سے مل لیں میرا خیال ہے کہ نتیجہ آپ کی توقع کے مطابق ہوگا۔ ہم اب سینیٹ کے اصل بزنس کی طرف آتے ہیں۔

مولانا سمیع الحق: میرا مقصد یہ ہے کہ اگر وہ کچھ اس کی وضاحت فرما دیں تو بہتر تھا کیونکہ یہ مشکل سارے ممبران کو درپیش ہے۔ اور یہ بات ان کے علم میں بھی آجائے گی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کی وضاحت کے لئے تو یہ موقع مناسب نہیں ہوگا۔

نوابزادہ عنایت خان: ہم بھی جناب ان کی تائید کرتے ہیں، ہمیں بھی انہی مشکلات کا سامنا ہے۔

مولانا سمیع الحق: یہ مشکل سب ممبران کو پیش آرہی ہے کیونکہ ان کے پاس لوگ آرہے ہیں۔

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: قاضی عبداللطیف ، پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑے ہیں ۔۔۔

قاضی عبداللطیف: میں نے جناب ۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: قاضی صاحب کو پہلے موقع دیا گیا ہے ۔

قاضی عبداللطیف: اس سلسلے میں ، میں نے ایک مہینے سے ایک تحریک التوا بھیجی ہوئی ہے جس کے ساتھ وہ کٹنگ بھی ہے جس میں یہ تحریر ہے کہ سینکڑوں آدمیوں کو عمرہ کے لئے جانے سے محروم کیا جا رہا ہے جس سے عوام میں بڑی پریشانی پیدا ہو رہی ہے اگر اس وقت ہمارے وزیر داخلہ صاحب یا اس کا کوئی نمائندہ یہ وضاحت کر دے کہ وہ آرڈر صرف وفاقی دارالحکومت تک کے لئے ہی تھا تو ملک کے عوام کی یہ ساری پریشانی دور ہو جائے گی ۔

جناب محمد اسحاق: جناب والا میری گزارش ہے کہ یہ پابندی فوراً ہٹا دی جائے ۔ کیونکہ ہمارے بلوچستان میں تعلیم یافتہ لوگ بہت کم ہیں اور ہمیں اس سے بڑی پریشانی ہو رہی ہے جتنا جلد ممکن ہو سکے یہ پابندی ہٹالی جائے میری صرف یہی گزارش ہے ۔

نوابزادہ عنایت خان: جناب عرض یہ ہے کہ مولانا سمیع الحق کے ساتھ ہمیں مکمل اتفاق ہے اس لئے کہ ہمارے جتنے بھی قبائلی عوام ہیں وہ ان میں تعلیم یافتہ بہت کم ہیں ۔ سب سے زیادہ جو باہر جانے والے لوگ ہیں ، جو مڈل ایسٹ میں جانے والے ہیں ، ان کو زیادہ مشکل کا سامنا ہے خواہ یہ عمرہ کے لئے جائیں یا مزدوری کے لئے جائیں اس لئے ہم پرزور اس کی تائید کرتے ہیں کہ اس کا آرڈر اسی وقت ہونا چاہیئے ۔

جناب شاد محمد خان: جناب والا ابھی یہ وثوق سے بتایا گیا تھا کہ اس قانون میں ترمیم لائی جائے گی ۔ مگر اب اس کا وقت گزر گیا ہے ۔ لہٰذا یہ فوری نوعیت کا مسئلہ ہے ۔ حضور والا اگر یہ categorical statement ہی دے دیں کہ ہم اس سلسلے میں چھٹی جاری کر دیں گے ۔ اور اس کا اطلاق دیگر علاقوں پر نہیں ہوگا تو اس سلسلے میں ہم اُن کے مشکور ہوں گے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جناب وسیم سجاد ، سوا دس بجے ہم نے ایڈجرنمنٹ موشنز کو ٹیک اپ کیا تھا ۔ یہ تو ہاؤس کی مرضی ہے کہ جب تک اسے چلائے میں تو اس معاملے میں ہاؤس کا پابند ہوں ۔ اگر جناب وسیم سجاد صاحب اس معاملے میں اپنے خیالات کا اظہار کر دیں تو وضاحت ہو جائے گی ۔

جناب وسیم سجاد: جناب جس تکلیف کا معزز ممبران نے ذکر کیا ہے اس کا حکومت کو شدت سے احساس ہے اس قانون میں ابہام بھی ہے گو نیت اچھی تھی ۔ جب یہ قانون نافذ کیا گیا تو مقصد یہ تھا کہ لوگوں میں خواندگی کا شوق پیدا ہو اور انہیں پتہ ہو کہ اگر یہ پڑھیں گے نہیں تو اس سے کچھ ان کا نقصان ہو سکتا ہے لیکن میں اس کا اعتراف کرتا ہوں کہ اس سے بہت ساری مشکلات پیدا ہوئیں اور یہ انتظامی سطح پر وزارت داخلہ جو بھی کر سکتی ہے وہ کرے گی لیکن جہاں تک قانون کا تعلق ہے ۔ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ اس کا ترمیمی آرڈیننس جاری کیا جائے گا اس بارے میں ہم نے نیشنل اسمبلی میں موو کر دیا ہے اس وقت

[Mr. Wasim Sajjad]

یہ آئٹم نیشنل اسمبلی کے ایجنڈے پر موجود ہے اور ہماری انتہائی کوشش یہی ہوگی کہ نیشنل اسمبلی اس کو جلد از جلد پاس کردے۔ لہٰذا اس کے بارے میں ہم پوری کوشش کر رہے ہیں کہ یہ مسئلہ حل ہو جائے۔ میں اس ہاؤس کے تمام اراکین سے بھی درخواست کروں گا اور نیشنل اسمبلی کے اراکین سے گزارش کروں گا کہ اس تکلیف کے پیش نظر اس کو ترجیحی بنیاد پر ٹیک اپ کر لیں۔ اس وقت یہ ایجنڈے پر تین نمبر ہے۔ چونکہ اس وقت دیگر بہت چھوٹے چھوٹے سے بلز میں جو کہ اسمبلی کے سامنے ہیں مگر کوشش یہی ہوگی کہ اسی سیشن میں اللہ کرے کہ یہ بھی پاس ہو جائے۔

مولانا سمیع الحق: جناب والا! اس سے معاملہ اور بھی الجھ گیا۔ کیونکہ میں صرف یہ وضاحت چاہتا ہوں جناب وسیم سجاد صاحب سے کہ یہ آرڈیننس صرف فیڈرل ایریا کے بارے میں ہوا تھا، لیکن یہ لاگو ہوا سارے ملک پہ۔ اب اگر آپ اسے قومی اسمبلی میں پاس وغیرہ کرائیں تو معاملہ جوں کا توں ہی رہے گا کیونکہ رمضان شریف تو گزر جائے گا۔ ہم تو یہ چاہتے ہیں کہ آپ پاسپورٹ آفس والوں کو ایک آرڈر جاری کر دیں کہ اس کو پورے ملک پہ لاگو نہ کریں۔ یہ ٹھیک ہے کہ اس کو فی الحال فیڈرل ایریا تک محدود رکھیں جب تک اس میں یہ ترمیم نہ ہو، یہ قانون فیڈرل ایریا تک رہے اگر مستقل طور پر بھی فیڈرل ایریا تک رکھیں تو بھی ٹھیک ہے کیونکہ مقصد اچھا ہے۔ اس کی خاطر یہ پابندی برداشت کر سکتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مولانا صاحب، میں نے اسی لئے گزارش کی تھی کہ آپ وزیر داخلہ کو جا کر مل لیں اور جو بھی صورت اس طریقہ سے ہو سکتی ہے اسے کر لیں اور جہاں قانون میں ترمیم کی ضرورت ہوگی وہ تو قانون کے مطابق ہی ہوگی۔ آپ ان سے مل لیں۔ یہ سارے ملک کے لئے فائدہ مند ہوگا۔

مولانا سمیع الحق: میں ان سے مل لوں گا لیکن اس سے ملک کے عوام کو فائدہ نہیں پہنچے گا۔ یہاں اگر کوئی بات ہو جاتی تو بہتر تھا۔

Mr. Javed Jabbar: Mr. Chairman, point of order. Are we leaving the Orders of the Day and taking up discussion on a completely non-related subject? I just want your ruling on this.

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں نے ان کو اجازت تو نہیں دی مگر چونکہ رمضان شریف کا مہینہ ہے ان کے جذبات دیکھتے ہوئے ان کی بات سنی ہے جیسے ایجنڈے کے بغیر بھی آپ کی باتیں بھی اخلاقاً اور کچھ چیزوں کا خیال رکھتے ہوئے سنتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: قاضی عبداللطیف، پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑے ہیں۔

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر، گزارش یہ ہے کہ آپ تمام ہاؤس کے جذبات سن چکے ہیں۔ اگر سب کے جذبات اس طرح کے ہیں تو صرف ایک ممبر کی مخالفت سے ہمارے جذبات بھی مجروح ہو سکتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ۔ بجا ہے جی، اسی لئے میں نے ان سے درخواست کی ہے کہ میں نے آپ کو ضرورت کے تحت بھی اکاموڈیٹ کیا ہے ۔

Mr. Javed Jabbar: Mr. Chairman, Sir, I am not opposing this, I am just asking what are you doing about the Orders of the Day.

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ تشریف رکھئے، میں نے تو اسی لئے کہا ہے کہ سارے ہاؤس کے یہ جذبات تھے، اس لئے موقع دیا گیا ۔ اور اب وقت بھی اتنا ہی تھا جس میں یہ معاملہ سامنے آگیا ہے ۔ اور یہ اچھا ہوگیا ہے کہ وسیم سجاد صاحب نے ان کو یقین دلا دیا ہے ۔ اور یہ سارے ملک کے لئے مفید ہوگا۔ یہ نہایت اہم مسئلہ ہے ۔

جناب وسیم سجاد : میں نے جناب مولانا صاحب سے بات کی ہے ۔ انشاء اللہ میں فوری طور پر کچھ احکامات جاری کروں گا اور جیسے میں نے عرض کی تھی کہ نیشنل اسمبلی میں ایجنڈے پر یہ چیز ہے اور کوشش یہی ہوگی کہ اللہ کرے کہ یہ اسی سیشن میں پاس ہو جائے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ! وسیم سجاد صاحب سے جتنے بھی ممبران ملنا چاہیں مل لیں ، اگر اکٹھے مل لیں تو اچھا ہوگا ۔ تحریک التوا کا وقت تقریباً پونے گیارہ بجے تک ہے ۔ اسوقت تک ہم ایک تحریک التوا کو لے سکتے ہیں ۔ اس کے بعد ڈاکٹر محبوب الحق صاحب رپورٹ پیش کریں گے ۔ چوہدری صاحب آپ کی ایک تحریک پیش ہوسکتی ہے کہ اگر آپ پانچ منٹ میں اس پر اظہار خیال کرنا پسند فرمائیں تو نمبر ایک پر آپ ہیں ۔

پروفیسر خورشید احمد : وہ بحث تو پوائنٹ آف آرڈر پر ہوئی ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں نے آج کے آرڈرز آف دی ڈے کے مطابق کال کر دیا تھا

پروفیسر خورشید احمد : ہم آپ کے ممنون ہیں کہ آپ نے کافی وسعت قلبی کا ثبوت دیا ہے ۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہم اب تک بحث کر رہے تھے ۔ قاعدہ ۲۲۹ کے اوپر، تحریک التوا کا وقت شروع نہیں ہوا تھا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : پروفیسر صاحب چونکہ وقت شروع ہو چکا تھا اور اس کے بعد پوائنٹ آف آرڈر پیش ہوا تھا ۔ کال کرنے کے بعد یہ بحث شروع ہوئی تھی ۔ اب محمد طارق چوہدری صاحب ۔

ADJOURMENT MOTION ; *RE* : IRRECOVERABLE LOANS ADVANCED BY THE NATIONALIZED BANKS OF PAKISTAN

جناب محمد طارق چوہدری : میں تحریک کرتا ہوں کہ ایوان کے روزمرہ کی کارروائی کو روک کر اس اہم قومی مسئلہ کو زیر بحث لایا جائے کہ بنکوں کے ناقابل وصول قرضے ۲۵ ارب روپے تک پہنچ گئے ہیں جس میں سے سرکاری شعبے کے ذمے ۱۴ ارب اور نجی شعبے کے

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhary]

۴۸۹۱۱ ارب روپے کے قرضے ہیں۔ ۲۵ ارب روپے کا یہ قومی سرمایہ پاکستان کے غریب عوام کی چھوٹی چھوٹی بچتوں پر مشتمل ہے۔ اسکا یوں دریغ اور ناقابل واپسی ہونے کا تصوّر ہی پوری قوم کے لئے انتہائی تشویش اور رنج کا باعث ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ اس اہم قومی مسئلہ کو زیر بحث لا کر ان رقوم کی واپسی کے لئے ضروری تجاویز عمل میں لائی جائیں۔ جناب اس پر کوئی لمبی بحث کرنے کی بجائے میں یہی چاہوں گا کہ وزیر خزانہ صاحب اس پر اپنی کوئی وضاحت کر دیں کہ صحیح صورتحال کیا ہے تاکہ جتنا بھی وقت بچ سکے اس میں اور بھی تحریکیں آ سکیں۔

Mr. Deputy Chairman: Ch. Nisar Ali Khan Sahib.

Ch. Nisar Ali Khan: Sir, I oppose this adjournment motion both on factual and technical grounds. Factually, because the figures quoted in the substance of this adjournment motion are grossly over exaggerated. The correct figures are 8165.8 million rupees in the public sector and 11972.24 million rupees in the private sector.

Technically, it is out of order because as you would appreciate, this is not a matter which arose yesterday or over the last month or over the last six months. It is a continous process and as far as banks are concerned, as far as this system is concerned, it is a routine business. Banks do make provision for losses for bad debts and it is not a matter which, as I said, arose over the last few months, and because of that and because of the figures, which have been quoted are wrong, distorted, I oppose this adjournment motion.

جناب محمد طارق چوہدری: جناب! چوروں کی انجمن کی سرپرستی کرنے کی بجائے اگر یہ بتاتے کہ اتنا روپیہ ہے اور ہم اسکو recover کرنے کے لئے یہ اقدام کر رہے ہیں تو یہ زیادہ بہتر ہوتا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: چوہدری صاحب کا اپنا ایک انداز ہوتا ہے، نثار علی خان صاحب آپ اسے محسوس نہ کیجئے۔ یہ جو انہوں نے چوروں کی انجمن کا کہا ہے، ہم تو چوہدری صاحب کے اس قسم کے الفاظ کے عادی ہو چکے ہیں۔

چوہدری نثار علی خاں: میں بھی جناب عادی ہو جاؤں گا، مگر میں سمجھتا ہوں کہ مجھے اس وضاحت کی تو ضرورت نہیں ہے، میں نے یہاں کوئی فنانس کا سکول تو کھول نہیں رکھا، میں سمجھتا ہوں کہ یہاں جو معزز اراکین ہیں وہ بینکنگ کے جو قوانین ہیں بینکنگ کا جو سسٹم ہے بینکنگ کا جو نظام ہے اس سے بخوبی واقف ہوں گے، یہ تو ایک طریقہ ہے، جس کے ذریعے بینک چلتا ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ سارا پیسہ خرد برد ہو گیا، اس کا یہ مطلب قطعی طور پر نہیں ہے کہ وہ مکمل طور پر write off ہو گیا۔ ہر اکاؤنٹنگ سال کے آخر میں بینکس ایک اکاؤنٹنگ سسٹم لاتے ہیں جس کے ذریعے وہ ایسی چیز اپنے اکاؤنٹ بکس

پر لاتے ہیں کہ جس کے ذریعے ان کو معلوم ہو سکے کہ کون سے debts ہیں گزشتہ سالوں کے جو نکہ bad debts.
ہیں یا جو شاید non-recoverable ہیں اسکا یہ مطلب قطعی طور پر نہیں ہے کہ وہ debts جو اپنے ریکارڈ پر
وہ لائے ہیں وہ مکمل طور پر write off کر دیں، اس لئے جیسا کہ میں نے پہلے بھی یہ کہا ہے کہ یہ ایک continous
process ہے۔ ہر سال بینکس، خواہ وہ کمرشل بینکس ہوں یا خواہ وہ دوسرے بینکس ہوں وہ اسی کوشش میں ہوتے ہیں،
کیونکہ اسی میں ان کا مالی فائدہ ہے، یہی ان کا طریقہ ہے وہ اسی کوشش میں لگے رہتے ہیں کہ جو اُن کے قرضے ہیں وہ ریکور ہوں
اور اس سلسلے میں میں نے گذشتہ اجلاس میں بھی بطور پارلیمانی سیکرٹری فنانس ایک مفصل رپورٹ دی تھی، ایک
بیان دیا تھا اور چونکہ اب وقت کم ہے اور اس کے لئے شاید میں تیار بھی نہ ہوں۔ جب وزیر خزانہ آجائیں تو میرا خیال
ہے وہ ضرور اس سلسلے میں یہاں وضاحت کریں گے کہ ہمارے جو نیشنلائزڈ کمرشل بینکس ہیں وہ bad debts یا
جو ایسے debts ہیں جو شاید non-recoverable debts کے زمرے میں آتے ہیں انکو ریکور کرنے کے سلسلہ میں
بینکس کیا اقدامات کر رہے ہیں، اس کی میرا خیال ہے کہ وزیر خزانہ صاحب ضرور وضاحت کریں گے جب وہ واپس آئینگے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: چوہدری صاحب آپ اس کو پریس کریں گے؟

جناب محمد طارق چوہدری: پریس کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: تحریک پر زور نہیں دیا گیا، شکریہ جی۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: پوائنٹ آف آرڈر، جناب میری تحریک التوا ہے بلکہ ۵، ۶ تقریباً تحاریک التوا ہیں
اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو وقفہ تھا وہ پوائنٹ آف آرڈر کی نذر ہو گیا، جو نہیں ہونا چاہئے اور ہمارا جو کام ہے وہ ہونا چاہیئے۔
اور یہ تحریک ضرور لی جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی، آدھ گھنٹہ ہو گیا ہے، قومی اسمبلی کا بھی اجلاس ہے اور منسٹر صاحبان یہاں بیٹھے ہوئے
ہیں، اس لئے مزید تحریک التوا نہیں لی جاسکتی، لہذا ڈاکٹر محبوب الحق صاحب رپورٹ پیش کریں گے۔

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE REGARDING NATIONAL TAXATION REFORMS COMMISSION

Dr. Mahbub ul Haq: Thank you Mr. Chairman. With your very kind permission, I will like to lay on the Table of the House the report of the Standing Committee of Finance, Planning & Development, Economic Affairs and Statistics on the report of the National Taxation Reforms Commission.

With your kind permission, Mr. Chairman, if I may just say one word.

Mr. Deputy Chairman: Yes, please.

Dr. Mahbub ul Haq: The Report of the National Taxation Reforms Commission has been circulated to the Senate. The Standing Committee of the Senate on Finance, Planning & Development, Economic Affairs reviewed this report on 16th of February, 1987. We decided at that stage to set up a sub-committee to go into the report thoroughly so that its findings can then be circulated both to the Senate as well as to the country to form the basis of a national debate. I am glad to report, Mr. Chairman, that this sub-committee which consisted of Prof. Khurshid Ahmad, Senator Saeed Qadir, Mr. Aman-i-Room, Syed Muhammad Fazal Agha and Mr. Abdul Majid Kazi, worked extremely hard over the last 3 months to produce an excellent report which I commend to the attention of the Senate and my Senate colleagues. I also hope that this will be released to the general public to form the basis of a major national debate on this issue. This is the best way, Mr. Chairman, that the Standing Committees of the Senate can serve the cause of the Senate as well as the national cause by contributing thoughtful reports on subjects of urgent national importance. Thank you, Mr. Chairman.

Mr. Deputy Chairman: Thank you.

The Report is laid on the Table of the House.

Shaikh Ejaz Ahmad—do you want to comment on it ?

Shaikh Ejaz Ahmad: I wish to propose, Sir, that a very healthy discussion and debate should be held in the Senate or a special session of the Senate should be called.

<u>جناب ڈپٹی چیئرمین</u>: شیخ صاحب! اس کے لئے آپ کو دوبارہ موشن مُپٹ کرنی ہو گی۔ رپورٹ تو lay دی گئی ہے۔

Shaikh Ejaz Ahmad: Sir, I was not in my seat. I would like to say a few words on this.

<u>جناب ڈپٹی چیئرمین</u>: شیخ صاحب آپ کو اس بحث کے لیے ہاؤس کے سامنے موشن مُپٹ کرنی ہو گی۔

Shaikh Ejaz Ahmad: Sir, there will be no time; there will be no opportunity. I will just take one minute of the House.

جناب ڈپٹی چیرمین: نہیں جناب، قواعد کے مطابق آپ اس کے لئے علیحدہ موشن ہٹ کریں گے اور رپورٹ آپ کے سامنے ہے اور جب دوبارہ سینیٹ میں ڈیبیٹ کے لئے آئے گی تو اس پر بحث ہو جائے گی۔

Shaikh Ejaz Ahmad: By that time the budget would be over and the purpose of having a useful discussion on the Taxation Commission.......

جناب ڈپٹی چیرمین: اس کے لئے تو علیحدہ موشن دینی ہوگی۔

Shaikh Ejaz Ahmad: You can take sense of the House, if such a hard work done on the Taxation Commission. . . . .

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیرمین! اگر مسئلہ صرف ٹیکنیکل ہے تو ہمیں پھر قاعدہ ۲۲۹ کی طرف آنا پڑے گا کہ آپ ہمیں اس کے تحت اس بات کی اجازت دیں کہ ہم یہ تحریک پیش کریں کہ سینیٹ آج یا اگر آج ممکن نہیں ہے تو اس کا اسپیشل سیشن بلایا جائے تاکہ اس رپورٹ پر بحث کی جا سکے اور دوسرا آپ سے یہ بھی درخواست کی جائے کہ گویا یہ یہاں آنے کے بعد ایک پبلک ڈاکومنٹ ہے لیکن جو پراپر چینل ہے اس کے تحت اسے قومی اسمبلی کے اراکین تک بھی فراہم کیا جائے۔

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر، جناب اس رپورٹ کا ترجمہ اردو میں بھی فراہم کیا جائے، آپکی عنایت ہوگی۔

جناب ڈپٹی چیرمین: یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے۔ میں ان سے کہہ دیتا ہوں۔ کہ ترجمہ فراہم کیا جائے۔

Mr. Hasan A. Shaikh: I think, Prof. Khurshid Ahmad is abusing the privilege of raising a point of order and privilege of suspending a rule. For every little thing you don't suspend a rule and for considering a report of this size you cannot suspend a rule and go on immediately today. I think, it is abuse of the privilege available to a member.

Mr. Deputy Chairman: Thank you. Dr. Mahbub ul Haq Sahib, on point of order.

Dr. Mahbub ul Haq: Mr. Chairman, this is an important report and it is an important subject. It is quite understandable that the Senators would like an opportunity to debate the report of the National Taxation Reforms Commission before the budget is presented to the National Assembly. Because only at that stage these views expressed by the Senators will be of use in the formulation of the

[Dr. Mahbubul Haq]

budget. Our constraint at the moment is time because since the Senate is ending, or being prorogued this morning there will not be time either for the Senators to study this report in the course of the morning or to debate it. And, as such, Mr. Chairman, I will suggest just to take this issue under advisement. We shall consider it also in the government as to how best such an opportunity for a debate can be provided. It does not have to be settled now but since a report has been circulated, the Senators can also send their comments in writing on this report to the Finance Minister and to the government. But if it is possible at all in consultation with the leader of the House and in consultation with the Prime Minister to see that an opportunity is provided before the Budget, we shall make those consultations, Mr. Chairman, and then we shall be getting in touch with you on that.

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی ، آج سینیٹ کا دسواں اجلاس اختتام پذیر ہو رہا ہے ۔ میں تمام اراکین ایوان کا مشکور ہوں کہ مجھے اس ایوان کو احسن طریقے سے چلانے میں ان کا بھرپور تعاون حاصل رہا ہے اور ہر ایک رکن نے اپنی استطاعت کے مطابق ایوان کی کاروائی میں بھرپور حصہ لیا ہے اس لئے میں آپ سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اب میں جناب صدر کا حکم پڑھ کر پیش کرتا ہوں ۔

> " In exercise of the powers conferred by clause (1) of Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I hereby prorogue the Senate on the conclusion of its sitting on 30th April, 1987.
>
> Sd/-
>
> *(Gen. Muhammad Zia-ul-Haq)*
>
> *President.*"

[*The Senate prorogued* sine die].

PCPPI—2691 (87)/Senate. —Dated 7-9-88—300